
© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی



## ...کریم صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت معلم

ڈاکٹر فضل الٰہی

۴۵۷

۲۲۵ روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ' غزنی سٹریٹ رحمان
... اردو بازار لاہور۔ 042-7351124۔
... روسیہ ۱۰۔رسول پلازہ امین پور بازار فیصل آباد۔
041-264...

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت ... سینکڑوں گوشے ہیں اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ ... عزت وعظمت اور اعزاز ہے کہ اب تک آپ کی ... طہرہ پر بلا مبالغہ ہزاروں کتب لکھی جا چکی ہیں اور ... لسلہ جاری ہے اور جب تک یہ دنیا باقی ہے' جاری ... ۔سیرت نگاروں نے نبی علی علیہ السلام کی سیرت ... مختلف گوشوں کو موضوع سخن بنا کر خوب خامہ فرسائی ... ۔

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اہم ... علیہ السلام بحیثیت معلم'' ہے۔قرآن مجید میں اللہ ... رت نے نبی علیہ السلام کے اس وصف کو کئی جگہ ... ہے۔

پیشِ نگاہ کتاب میں محترم ڈاکٹر فضل الٰہی ... نے اسی پہلو کو موضوع سخن بنا کر نبی علیہ السلام کی ... کے اس خوبصورت گوشے کو اجاگر کرنے کی سعی کی ہے۔کتاب ۴۷ مرکزی اور دوسو کے قریب ذیلی عنوانات پر مشتمل ہے۔کتاب اول تا آخر قرآن وحدیث کے انمول جواہر سے لبریز ہے اور ڈاکٹر صاحب سے بڑی عرق ریزی اور محنت شاقہ سے اسے مرتب فرمایا ہے۔

کتاب کے شروع میں ایک جامع مقدمہ ہے اس میں قرآنی آیات **ربنا وابعث فیهم رسولاً منهم** (۲) **كما الرسلنا فيكم رسولا منكم** (۳) **لقد من الله على المؤمنين** (۴) **هو الذى بعث فى الاميين رسولا منهم يتلوا عليهم آياته ويزكيهم ويعلمهم الكتاب والحكمه** ٥ کی تفسیر وتشریح خوبصورت پیرائے میں کی ہے اور نبی علیہ السلام بحیثیت معلم کے دلائل کو پیش کیا ہے۔

کتاب کے دیگر عنوانات میں ہر مناسب جگہ میں تعلیم' مختلف اقسام کے لوگوں کو تعلیم' طالب علم کا خیر مقدم' شاگردوں کے لیے دعا' تعلیم بالعمل' ضروری باتوں کی تعلیم' تواضع' لطف وشفقت سے تعلیم' آسان کرنے والے معلم' حسب استطاعت علم سیکھنے کی ترغیب ایسے عنوانات کے تحت خوب لکھا ہے۔

یہ کتاب ''نبی کریم بحیثیت معلم'' ان معلمین کے لیے انسائیکلوپیڈیا ہے جو تعلیم وتعلم اور دعوت وتبلیغ کے میدان میں سرگرم عمل ہیں۔ وہ اس کے تناظر میں جھانک کر اپنی معلمی کی اصلاح کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب جو کہ بیسیوں عربی واردو کتب کے مؤلف ومصنف ہیں' نے یہ کتاب لکھ کر احسان عظیم کیا ہے۔کتاب میں شامل احادیث مستند اور حوالہ جات صحیح ہیں۔قلم کی زبان شستہ اور اسلوب نگارش عام فہم ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے سیرت النبی کے ایک اہم پہلو سے آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ کتب سیرت میں یہ کتاب قابلِ قدر اضافہ ہے۔قارئین کو چاہیے کہ اس کتاب کا مطالعہ ضرور فرمائیں۔کتاب کو قدوسی برادران نے نہایت خوبصورت انداز میں شائع کیا ہے۔اللہ تعالیٰ مصنف اور ناشر کو اجر عظیم دے۔آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## قرآنی دستورِ حیات

مصنف ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی رحمہ اللہ

صفحات ۲۹۶

قیمت ۱۵۰ روپے

ناشر: تنظیم الدعوۃ الی القرآن والسنہ گوالمنڈی راولپنڈی۔

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ' رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔

ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی اپنے دور کے بے مثال ادیب' شاعر' مصنف' مترجم' محقق اور مؤرخ تھے۔ انھوں نے ۲۴ سے اوپر کتب تصنیف کیں اور سینکڑوں مضامین حوالہ قرطاس کیے۔

جماعت اہل حدیث پر ان کا بڑا احسان ہے کہ انھوں نے ''تراجم علماء حدیث ہند'' اور ''ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات'' لکھ کر علمائے اہل حدیث کی علمی خدمات اور سوانح کو اجاگر کیا۔امام خاں مرحوم نے ۷۶ سال عمر پائی اور وہ ۱۶ جنوری ۱۹۶۶ء کو سفر آخرت پر روانہ ہوئے۔

مولانا نوشہروی مرحوم کی تصنیفات میں ''قرآنی دستور حیات'' کو خاص اہمیت حاصل ہے۔اس



© rasailojaraid.com